ادارہ	حضرت مولانا حافظ اخلاق احمد خطیب برطانیہ کی جہلم آمد	جولائی، اگست	44
ادارہ	موضع بوڑھیاں تحصیل دینہ میں سیرت النبی ﷺ پروگرام	جولائی، اگست	44
ادارہ	جامعہ کے سہ ماہی امتحانات اور عید الاضحیٰ کی تعطیلات	ستمبر، اکتوبر	46
ادارہ	جامع مسجد مبارک اہل حدیث میں عظیم الشان جلسہ	ستمبر، اکتوبر	46
ادارہ	محلہ قاسم پورہ ریلوے روڈ گجرات میں 31 ویں سالانہ اہل حدیث کانفرنس	نومبر، دسمبر	43
ادارہ	جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میں عظیم الشان جلسہ	نومبر، دسمبر	43
ادارہ	موضع دھریالہ جالپ میں عظیم الشان کانفرنس	نومبر، دسمبر	44
ادارہ	جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں آٹھویں عظیم الشان رحمت عالم ﷺ کانفرنس	نومبر، دسمبر	44
ادارہ	جامع مسجد اہل حدیث دینہ میں چوتھی عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس	نومبر، دسمبر	44
ادارہ	وفیات	نومبر، دسمبر	45

اخبار الجامعۃ والجماعۃ

محلہ قاسم پورہ ریلوے روڈ گجرات میں 31 ویں سالانہ اہل حدیث کانفرنس

مورخہ یکم نومبر بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عشاء محلہ قاسم پورہ میں عظیم الشان 31 ویں سالانہ اہل حدیث کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت مولانا سید الطاف الرحمٰن شاہ فاضل مدینہ یونیورسٹی نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سید ثناء اللہ شاہ امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث رانیوال سیداں نے سرانجام دیئے۔ شاعر اسلام قاری فداء الرحمٰن طیب نے حمد و نعت پیش کی۔ کانفرنس سے مولانا محمد یوسف پسروری، قاری خالد مجاہد، پروفیسر حافظ عبدالستار حامد، مولانا قطب شاہ، ڈاکٹر طارق سلیم، قاری ضیاء الرحمٰن اور دیگر علماء نے خطاب کیا۔ جامع مسجد محمدی اہل حدیث محلہ قاسم پورہ میں یکم نومبر کا خطبہ جمعہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے ارشاد فرمایا۔

جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میرپور آزاد کشمیر میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 9 نومبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میں عظیم الشان جلسہ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا، جلسہ سے مولانا حافظ عبدالعلیم یزدانی اور مولانا احتشام الحق بھوپال نے خطاب کیا۔

موضع دریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 10 نومبر بروز اتوار بعد نماز عشاء دریالہ جالپ میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا، حمد و نعت قاری محمد منشاء قادری نے پیش کی۔ مولانا حسین علی قاسمی نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ جلسہ سے مولانا محمد بلال، مولانا قطب شاہ، مولانا محمد زبیر قاسمی اور مولانا محمد افضل قادری نے خطاب کیا۔

جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں آٹھویں عظیم الشان سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 16 نومبر بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں آٹھویں عظیم الشان سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز حافظ عبداللہ اشفاق متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا جبکہ حمد و نعت جامعہ کے طلبا محمد سلیمان اور عبید اللہ نے پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم جمیل نے پروگرام کی سرپرستی فرمائی۔ کانفرنس سے مولانا خالد محمود دنتوی، قاری محمد اکرم شہزاد (چوک اعظم لیہ) اور قاری القرآن حضرت مولانا قاری عبدالرحیم کلیم (ڈیرہ غازی خان) نے خطاب کیا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم جمیل نے دُعا کی اور آخر میں مہمانوں کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔ اس پروگرام میں سوہاوہ شہر اور دیگر مقامات سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد حسان بن ثابتؓ اہل حدیث دینہ میں چوتھی سالانہ سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 22 نومبر بروز جمعۃ المبارک جامع مسجد حسان بن ثابتؓ اہل حدیث دینہ (کھوکھراں روڈ ہڈالی) میں چوتھی سالانہ سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔

اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے جلسہ سے مولانا محمد یوسف پسروری، مولانا قاری محمد یٰسین بلوچ اور مولانا خالد محمود دنتوی نے خطاب کیا، حمد و نعت شاعر اسلام قاری منظور احمد (جڑانوالہ) نے پیش کی۔ پروگرام کے آخر میں مہمانوں کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔

تحریکِ تحفظِ مساجد و مدارس لالہ موسیٰ کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس

مورخہ 24 نومبر بروز اتوار بعد از نماز عشاء جامع مسجد رحمانیہ اہل حدیث نزد کمیٹی دفتر لالہ موسیٰ میں